# W

**اجرتیں۔** ایک مصرحہ مدت کے لئے متفقہ طرام کے مطابق محنتی خدمات کی معاوضی ادائیگیاں، جیسے فی گھنٹہ، فی ہفتہ یا فی مہینہ کے حساب سے اجرت۔ یہ اس آمدنی کا مجموعہ بھی ہے جو اجرتوں کے طور پر کمائی جائے۔

**مال خانے کی رسید۔** کسی مال خانے میں رکھی ہوئی اشیاء کی وصولیابی تسلیم کرنے والی کوئی رسید جو ایک استحقاقی وثیقہ کے طور پر ملکیت کا ثبوت دیتی ہے۔ یہ عام طور سے طیاب ہوتی ہے جو حامل یا کسی فریق کو سامان کی حوالگی کی اجازت دیتی ہے اور کارکن سرمائے کی مالیات کے لئے ضمانت بھی مہیا کرتی ہے۔

**مال خانے کی فرم۔** کوئی کمپنی جو مال خانہ چلاتی ہے اور مال خانے کے چارجز کی ادائیگی پر سامان رکھنے کی جگہ اور سہولتیں مہیا کرتی ہے۔ اشیاء کی وصولی اور قبضے کا مال خانے کی رسید پر اندراج ہوتا ہے جو مال خانے کی فرم یا اس کے مجاز ایجنٹ کی جانب سے جاری کی جاتی ہے۔ اس قسم کی کمپنی کے چارجز کی رقم کے عوض مال خانے میں رکھی ہوئی اشیاء پر سپردار کا لیان ہوتا ہے۔

**وارنٹ۔** یہ وہ تمسکات ہوتے ہیں جو ترجیحی اسٹاک یا بانڈ یا سرٹیفکیٹ کے ہمراہ جاری کئے جاتے ہیں جو حامل کو یہ حق دیتے ہیں کہ وہ ایک مصرحہ قیمت پر عام اسٹاک کی ایک متناسب تعداد خرید لے۔ یہ مصرحہ قیمت وارنٹوں کے اجراء کے وقت کسی مصرحہ عرصے کے لئے یا ہمیشہ کے لئے عموماً بازار کی قیمت سے زیادہ ہوتی ہے۔ اس مفہوم میں وارنٹ کارپوریٹ اسٹاک یا بانڈ کو حاصل کرنے کے آپشن ہوتے ہیں۔

**وارنٹی، عہد۔** وارنٹی کے اجراء کار یا فروخدار کی جانب سے ایک وعدہ کہ وہ کسی سودے کے بعد لیکن سودے میں مصرحہ طرام وشرائط اور ورانٹی کی مصرحہ مدت کے اندر، یا اگر کسی مدت کی تصریح نہ ہو تو دائمہ طور پر وہ وارنٹی کے حامل یا خریدار کے مطالبات کو تسلیم کرے گا۔

**فہرست نگہبانی۔** بینکاری میں بینکوں کے معاونین یا نگرانان کی جانب سے کسی بینک کے متعلق جاری کی گئی پاسبانی کی اطلاع، جس کے ذریعے اس بینک کو فہرست نگہبانی میں رکھ کر بڑی غائر نظروں سے اس کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ یہ کارروائی اس وقت کی جاتی ہے جب کوئی بینک عدم سیالیت اور نامقدوری کی بناء پر امکانی بحران کی حد تک پہنچ چکا ہو اور زوال کی سمت سنگین مالیاتی مشکلات میں مبتلا ہو۔ روگی بینکوں کی یہ فہرست نگہبانی مشتہر نہیں کی جاتی، بلکہ بینک کے حصہ داروں اور مناظمت کے لئے تیار کی جاتی ہے اور ساتھ ہی مرکزی بینک اور دوسرے متعلقہ مقتدرات کے لئے بھی تاکہ وہ اہم اصلاحی قدم اٹھاسکیں۔ اسی طرح بین الاقوامی قرض گاروں میں کسی بھی ملک کو فہرست نگہبانی میں اس وقت شامل کیا جاتا ہے جب اس ملک کا خطرہ ادائیگی قابل قبول سطحوں سے آگے بڑھ جائے، جس کی وجہ توازن ادائیگی کے سنگین مسائل ہوں، یا وہ ملک بین الاقوامی مالی لازمات کے ضمن میں غیرارادی دیفالے کے نزدیک پہنچ چکا ہو۔

**دست برداری۔** کسی وعدے، حق یا کسی معاہدے میں کسی اقرار سے استثنا کی کسی شق سے دست برداری جو ان طرام وشرائط کو موثر طور پر تبدیل کردیتی ہے جنہیں ابتداء میں رکھا گیا تھا۔ البتہ یہ کارروائی معاہداتی اقرارنامے کی نوعیت پر منحصر ہے۔

**کمزور کرنسی۔** وہ کرنسی مضبوط کرنسیوں مثلاً امریکی ڈالر، جاپانی ین یا یورپی کرنسیوں کے مقابلے میں تخفیف قدر کے مستقل دباؤ کا شکار ہو۔ اس کی وجہ سے توازن ادائیگی کے متواتر مسائل یا خالص سرمائے کے برسیلانات ہوسکتے ہیں، یا ایک کمزور یا منفی توزان تجارت ہوسکتا ہے، یا اندرون ملک کے خراب معاشی حالات ہوسکتے ہیں یا غیرملکی قرضوں کے بھاری بوجھ کی وجہ سے پیدا ہونے والے اسباب کی بناء پر ہوسکتے ہیں۔

**تھوک بینکاری۔** اس سے مراد وہ بینکاری ہے جو صرف بڑے گاہکوں پر مشتمل ہو۔ یہ کارپوریشنوں، فرموں اور ادارتی گاہکوں مثلاً پنشن فنڈوں کو مالیاتی خدمات فراہم کرنے کے لئے بینکاری کی ایک حکمت عملی ہے۔ اس کے مقاصد یہ ہیں کہ نسبتاً کم لیکن بڑے گاہکوں پر توجہ کی جائے اور انہیں اعلیٰ قسم کی مالیاتی خدمات کا بھرپور سلسلہ پیش کیا جائے اور فیس کی بنیاد پر کاروبار کو قائم کرکے کمائیوں میں اضافہ کیا جائے۔

**تھوک کارپوریٹ بینکاری۔** بینکاری کی وہ خدمات جو صرف معقول مالیات والی کارپوریشنوں کو پیش کی جائیں جن کا مقصد مشاورتی، متولیانہ اور ایجنسی کی خدمات سمیت ان کی تمام بینکاری اور مالیاتی ضروریات کی فراہمی ہو۔

**تھوک امانت۔** کسی واحد گاہک بالخصوص کارپوریٹ گاہک یا اعلی کاروباری نیٹ ورک کے کسی فرد سے بڑی رقم کی کوئی امانت حاصل کرنا جس کے بارے میں توقع یہ ہو کہ وہ ایک معقول مدت تک بینک کے پاس رہے گی، برعکس متلون امانت کے جو بہت تھوڑی مدت کے لئے رکھی گئی ہو۔

**تھوک فنڈ۔** بڑی رقمیں جو مالیاتی بازاروں کے ذریعہ رکھی یا قرض لی جاتی ہیں۔

**تھوک بازار زر۔** کوئی بازار جس میں مختصر مدت کی عرصیت والے قرض کے تمسکات بڑی مقدار میں جاری کئے جاتے ہیں یا خریدے اور بیچے جاتے ہیں۔ ان بازاروں کے شرکاء بڑی کارپوریشنیں اور بینک ہوتے ہیں۔ یا دوسرے مالیاتی ادارے ہوتے ہیں۔ جیسے کہ انشورنس کمپنیاں یا باہمی فنڈ۔

**دانستہ ڈیفال۔** اس سے مراد کسی قرضدار کی اس کے قرضوں پر وہ عدم ادائیگی ہے جو دانستہ طور پر کی جائے جن کی ادائیگی کا متفقہ طرام سے یا عندیت کے مطابق تکمیل کرنے کی اہلیت سے یا وسائل کی کم یابی سے کوئی تعلق نہ ہو۔ (اندراج دیکھئے)

**وصیت۔** کوئی وصیت نامہ یا قانونی حیثیت کا حامل وثیقہ جس کی رو سے اثاثوں، جائیداد، بینک کے کھاتوں، نقد رقم کے بقایوں اور قیمتی اشیاء پر مشتمل کسی شخص کی موروثی املاک صرف ان مجریہ گان میں تقسیم کی جائے جن کے نام فہرست میں درج کئے گئے ہوں۔ یہ تقسیم درج شدہ تناسبات کے مطابق ہوگی۔ شخص مذکورہ خود اپنی زندگی میں اس وصیت کو تیار کرے گا اور یہ اس کی موت کے بعد موثر ہوگی۔

**ختم کرنا۔** یہ کسی کمپنی کو بند کرنے کی رسمی کاروائی ہے۔ یہ کام عدالت کی جانب سے ہوسکتا ہے، خود کمپنی کی جانب سے رضاکارانہ بنیاد پر بھی، یا عدالت کی نگرانی میں مختلف وجوہات کی بناء پر کیا جاتا ہے۔ بطور خاص یہی کارروائی کمپنی کی جانب سے اپنے قرضوں کی عدم ادائیگی اور کاروباری ناکامی کی بناء پر یا کارپوریٹ قوانین یا دوسرے ضوابط کی سنگین خلاف ورزی کی بناء پر کی جاتی ہے۔ خاتمے کی کاروائی کی نگرانی کے لئے عدالت عموماً عارضی منتظم یا سرکاری سیال گر مقرر کر دیتی ہے۔

**درسنواری۔** درسنواری سے مراد حسابات میں مالیاتی گوشواروں کے اعلان سے پہلے ترمیم کرنا یا ردوبدل کرنا تاکہ وہ بہتر نظر آئیں، یا وہ رپورٹنگ کے تقاضوں کی تکمیل کرتے ہوئے نظر آئیں جب کہ اصلی مالی حالت کمزور ہو۔ مالیاتی گوشوارہ میں موجودہ صورت حال کو زیادہ مضبوط طور پر پیش کرنے کے لئے یہ ایک حسابی فریب ہے۔ اسے 'تخلیقی حسابداری' بھی کہتے ہیں۔

**برقی منتقلی (بینک کی تار برقی)۔** عموماً کسی بڑی رقم یا رقوم کی ادائیگی کے الیکٹرونک ہدایات، جو بینکوں کے درمیان عموماً Fedwire یا Swift یا کسی اور مرکزی نیٹ ورک کے ذریعے کی جائیں۔ یہ ادائیگیوں کا ایک تیز رفتار بندوبست ہے۔

**نکاس (بینکاری)۔** بینکاری میں نکاس سے مراد بینک کے کھاتے سے رقوم کا نکالنا ہے۔ اگر مختصر مدت میں یہ کوئی بڑی رقم ہو تو متعلقہ بینک کے لئے سیالیت کا شدید بحران پیدا کرسکتی ہے۔

**نکاس کا نوٹس۔** کسی بینک کو کھاتے دار یا امانت دار کی جانب سے نوٹس جو نکاسیہ سے پہلے درکار ہو۔ یہ نوٹس بڑی رقم کی نکاسی کے لئے متعلقہ امانت یا کھاتے کی متفقہ شرائط طرام کے مطابق درکار رہوتا ہے۔

**پیشگی منہائی (ٹیکس)۔** مصرحہ شرح پر انکم ٹیکس کی تخمینی واجب داری کے لئے وہ منہائی جو ادائیگی کرنے والی کمپنی یا روزی دار نے تنخواہوں سے کی ہو۔ اسے ادائیگیوں کے ذرائع میں سے پیشگی ٹیکس کی منہائی بھی کہتے ہیں۔ اس قسم کی منہادہ رقوم، ٹیکس کے مقتدرہ کے پاس جمع کرادی جاتی ہیں، اور ان کا حساب متعلقہ ٹیکس گزار کے واجبات ٹیکس کے تعین کے موقع پر کیا جاتا ہے۔

**بلا وسیلہ۔** اگر رسید یا بیوں کا کوئی ثبت کرنے والا یا تفویض کرنے والا واضح طور پر اپنے واجبے کو خارج کر دیتا ہے تو پھر اگر ادائیگی کے کسی نصیرہ پر یا کسی مقروض سے وصول نہ ہو تو جس کو وہ نصیرہ ثبت یا تفویض کیا گیا ہو تو اس کے لئے ثبت گار ذمہ دار نہیں ہوگا۔ اس قسم کی ثبتی یا کٹوتی یا طے یابی کو بلا وسیلہ کہتے ہیں۔

**کارکن سرمایہ۔** وہ سرمایہ جو کمپنی کی روزمرہ کی کاروباری ضروریات کے لئے درکار ہو۔ اس میں جاریہ اثاثے شامل ہیں۔ مثلاً نقد رقم، گدامیہ، رسید یاب حسابات جنہیں کوئی کاروبار اپنے عمالاتی نتائج حاصل کرنے کے لئے مادی شکل دے۔ سیالیت اور قرض گار بینکار کے نقطۂ نظر سے کارکن سرمایہ جاریہ واجبات کے مقابلے میں جاریہ اثاثوں کے ایزاد کو کہتے ہیں۔ کارکن سرمایہ کاروباری عمالات اور تحفظ کے مارجن کے لئے دستیاب رقم کی حد کو بھی ظاہر کرتا ہے، جن سے جاریہ واجبے عہدہ برا کئے جا سکتے ہیں۔

**کارکن سرمایہ کے لئے قرضے۔** وہ قرضے جو کسی کاروبار یا کمپنی کی فروختگیاں یا تجارہ یا عملی دورانیہ میں تیزی پیدا کرنے کے لئے جاریہ اثاثوں، عموماً گدامیہ اور رسید یاب حسابات کی مالکاری کے لئے حاصل کئے گئے ہوں۔

**ناقص اثاثوں کو قلم زد کرنا۔** کسی اثاثے کی کتابی مالیت کو مکمل یا جزوی طور پر گھٹانا تا کہ کھاتے میں مکمل نقصان ظاہر ہو یا ان اثاثوں کی قابل حصول مالیت یا بازاری مالیت درج کی جا سکے۔ اگر پوری مالیت قلم زد کرائی جائے تو اسے منافع یا محفوظات سے چارج زد کرنا بھی کہتے ہیں۔ اگر کتابی مالیت کو جزوی طور پر گھٹایا گیا ہو تو یہ اثاثے کی کتابی مالیت اور اس کی بازاری مالیت یا حصولیاب مالیت کے مابین فرق ہے۔ بینکاری میں اس سے مراد قرضوں کی وہ رقم ہے جو غیر وصولیاب ہو۔ اس رقم کو قرضوں کے نقصانات کے لئے پروویژاتی رقم کے عوض قلم زد کر دیا جاتا ہے، جنہیں نا فعالی قرضوں یا درجہ بند قرضوں کے لئے رکھا گیا ہو۔